# الأذكار التي تقال صباحًا ومساءً

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ صبح وشام کے اذکار

(اللَّهُ لا إِلَهَ إِلا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلا نَوْمٌ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضَ وَلا يَؤُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ).

(اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں جو زندہ اور سب کا تھامنے والا ہے، جسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند، اس کی ملکیت میں زمین اور آسمانوں کی تمام چیزیں ہیں۔ کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کرسکے، وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی کی وسعت نے زمین و آسمان کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے ان دونوں کی حفاظت بھاری نہیں ہے، وہ تو بہت بلند اور بہت بڑا ہے۔)

آیۃ الکرسی: 255

(آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُون ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِير * لا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْساً

إلا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْراً كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلا تُحَمِّلْنَا مَا لا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ).

(رسول ایمان لایا اس چیز پر جو اس کی طرف اللہ تعالیٰ کی جانب سے اتری اور مومن بھی ایمان لائے، یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ، اس کے رسولوں میں سے کسی میں ہم تفریق نہیں کرتے، انہوں نے کہہ دیا کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی، ہم تیری مغفرت طلب کرتے ہیں اے ہمارے رب! اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے*

اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتا، جو نیکی وہ کرے وہ اس کے لئے اور جو برائی وہ کرے وہ اس پر ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما! اور ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم کر! تو ہی ہمارا مالک ہے، ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما)۔

سورة البقرة: 285-286

﴿قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ﴾ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾.

سورہ ﴿قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ﴾

سورہ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾

سورہ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾۔

مذکورہ تینوں سورتیں پوری کی پوری تین دفعہ پڑھے۔

أعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق. میں اللہ تعالی کے مکمل کلمات کے ذریعہ ان تمام چیزوں کے شر سے پناہ چاہتا ہوں جو اس نے پیدا کی ہیں۔ (تین مرتبہ)

بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيء في الأرض ولا في السماء وهو السميع العليم. اس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین وآسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی، اور وہ خوب سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ (تین مرتبہ)

رضيت بالله ربًّا وبالإسلام دينًا وبمحمد صلى الله عليه وسلم نبيًّا. میں راضی ہو گیا اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کو دین اختیار کرنے پر اور محمد ﷺ کو نبی تسلیم کرنے پر۔ (تین مرتبہ)

أصبحنا وأصبح الملك لله والحمد لله لا إله إلا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير، رب أسألك خير ما في هذا اليوم وخير ما بعده، وأعوذ بك من شر ما في هذا اليوم ومن شر ما بعده، ربِّ أعوذ بك من الكسل والهرم وسوء الكِبَر، وأعوذ بك

من عذاب النار وعذاب القبر. ہم نے صبح کی اور اللہ کے مُلک (بادشاہت) نے صبح کی، اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک (بادشاہت) ہے، اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! اس دن میں جو خیر ہے اور جو اس کے بعد میں خیر ہے میں تجھ سے اس کا سوال کرتا ہوں، اور اس دن کے شر سے اور اس کے بعد کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے میرے رب! میں سستی، انتہائی بڑھاپے اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے میرے رب! میں جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اور شام کے وقت کہے: أمسينا وأمسى الملك لله، (ہم نے شام کی اور اللہ کے مُلک (بادشاہت) نے شام کی) نیز کہے: رب أسألك خير ما في هذه الليلة... (اے میرے رب! اس رات میں جو خیر ہے...میں اس کا سوال کرتا ہوں) اخیر تک' (ہم نے صبح کی اور اللہ کے مُلک (بادشاہت) نے صبح کی) اور (اس دن) کی جگہ مذکورہ بالا کلمات کہے۔

اللهم بك أصبحنا وبك أمسينا وبك نحيا وبك نموت واليك النشور.

اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے ہی حکم سے ہم نے شام کی، اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں، اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے، اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اور شام کے وقت

کہے: اللهم بك أمسينا وبك أصبحنا وبك نموت وبك نحيا وإليك المصير. اے اللہ! تیرے ہی حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے ہی حکم سے ہم نے صبح کی، اور تیرے ہی حکم سے ہم جیتے ہیں، اور تیرے ہی حکم سے ہم مریں گے، اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

اللهم ما أصبح بي من نعمة أو بأحد من خلقك فمنك وحدك لا شريك لك فلك الحمد ولك الشكر. اے اللہ! مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جس نعمت نے بھی صبح کی ہے وہ صرف تیری طرف سے ہے، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے ہی لئے حمد اور تیرے ہی لئے شکر ہے۔ اور شام کے وقت: ما أمسى بي. (...جس نعمت نے بھی شام کی ہے..)

(تین مرتبہ)

اللهم إني أسألك العافية في الدنيا والآخرة، اللهم إني أسألك العفو والعافية في ديني ودنياي وأهلي ومالي، اللهم استر عوراتي وآمن روعاتي، اللهم احفظني مِن بين يديَّ ومِن خلفي وعن يميني وعن شمالي ومن فوقي، وأعوذ بعظمتك أن أُغتال من تحتي. اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے اہل وعیال اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میری پردہ والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ، اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میری دائیں

طرف سے، میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر، اور میں اس بات سے تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

اللهم أنت ربي لا إله إلا أنت، خلقتني وأنا عبدك وأنا على عهدك ووعدك ما استطعت، أعوذ بك من شر ما صنعت، أبوء لك بنعمتك عليّ، وأبوء بذنبي، فاغفر لي فإنه لا يغفر الذنوب إلا أنت. اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے علاوہ کوئی برحق معبود نہیں ہے، تو نے مجھے پیدا کیا، اور میں تیرا بندہ ہوں، اور میں تیرے عہد وپیمان پر قائم ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں، میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں، اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس میری مغفرت فرمادے، کیوں کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت نہیں کرسکتا۔

اللهم فاطر السماوات والأرض، عالم الغيب والشهادة، ربَّ كل شيء ومَلِيكه، أشهد أن لا إله إلا أنت، أعوذ بك من شر نفسي ومن شر الشيطان وشركه وأن أقترف على نفسي سوءاً أو أجُرَّه إلى مسلم. اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے' اے غیب اور حاضر کے جاننے والے، ہر چیز کے رب اور مالک! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی برحق معبود نہیں، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے، اور

اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلمان کے لئے برائی کا سبب بنوں۔
اللهم إني أصبحت أُشهدُك وأشهد حملة عرشك وملائكتك وأنبياءك وجميع خلقك بأنك أنت الله لا إله إلا أنت وأن محمدًا عبدك ورسولك.
اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو، تیرے انبیا کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور بے شک محمد [ﷺ] تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔ اور شام کے وقت کہے: اللهم إني أمسيت... اے اللہ! میں نے شام کی.. اخیر تک (چار مرتبہ)۔

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ وہ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے۔ اور وہ ہر بات پر قادر ہے۔ صبح میں یا شام میں (سو مرتبہ) پڑھے۔
حسبي الله لا إله إلا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم.
میرے لیے اللہ کافی ہے' اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں' میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ (سات بار)۔
سبحان الله وبحمده میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، اور اس کی تعریف کرتا ہوں۔ (سو مرتبہ) صبح میں یا شام میں ' یا صبح وشام دونوں اوقات میں کہے۔

أستغفر الله و أتوب إليه. میں اللہ سے مغفرت کا طلب گار ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔ (سو مرتبہ)

یہ وہ دعائیں ہیں جنہیں تحریر میں لانے کی توفیق ملی، اللہ سے دعا ہے کہ اسے (لوگوں کے لیے) نفع بخش بنائے۔

تحریر: محمد الصالح العثیمین

مورخہ: ۲۰-۱-۱۴۱۸ھ

# فہرست

No table of contents entries found

ur312v2.0 - 04/09/2026